ہے۔ صحیح بخاری میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے مروی یہ حدیث بہت مشہور ہے۔ " ان ھذالقرآن انزل علی سبعۃ احرف فاقرء واما تیسر منہ۔ اس حدیث کی تشریح اوراس کے مفہوم ومدلول کی تعیین میں کافی اختلاف پایا جاتا ہے۔ الاتقان فی علوم القرآن کے مصنف جلال الدین سیوطی نے اس سلسلہ میں چالیس اقوال ذکر کیے ہیں بعض حضرات کے نزدیک اس حدیث کی صحت مشکوک ہے اور بعض اسے لاینحل اور متشابہات کی قبیل سے شمار کرتے ہیں۔ صاحب کتاب کی رائے میں اس سے مراد قراءت قرآن کے وہ سات طریقے ہیں جن کے مطابق قرآن پڑھنے کی اجازت نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں تھی اوراب بھی باقی ہے۔ ان کے خیال میں اللہ تعالیٰ نے امت کی آسانی کے لئے رسول اکرم ﷺ کو یہ اجازت مرحمت فرمائی تھی۔ وہ ابن جریر طبری اوران تمام علماء سے اختلاف ظاہر کرتے ہیں جن کا یہ قول ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے تمام قراءات منسوخ کرکے امت کو ایک قراءت پر جمع کردیا تھا۔ مصنف کی رائے میں قراءات سبعہ قراءت متواترہ ہیں ان کی صحت میں کوئی شک وشبہ نہیں بلکہ ان کے تواتر پر امت کا اجماع ہے۔

اس کتاب میں مذکورہ بالا حدیث پر مختلف پہلوؤں سے بحث کی گئی ہے اس حدیث کے تمام طرق ورواۃ کا جائزہ لیتے ہوئے مصنف نے نہ صرف ان تمام اقوال کو جمع کردیا ہے جواس کی تشریح وتوضیح میں ماہرین قرآنیات اور علماء حدیث سے منقول ہیں بلکہ ان کا محاکمہ بھی کیا ہے اور جوقول ان کے نزدیک قوی وراجح ہے اس کی تائید میں متعدد دلائل وشواہد پیش کیے ہیں۔ ''سبعۃ احرف'' کے معنی ومفہوم کی تعیین کے علاوہ صاحب کتاب نے طرقِ قراءت کے اختلاف کی حکمت واس کے فوائد بھی بیان کیے ہیں اوراس کی وجہ سے بعض آیات سے فقہی مسائل کے استنباط میں فقہاء میں جواختلاف پایا جاتا ہے اسے بھی مثالوں کے ذریعے سے واضح کردیا ہے۔ مختصر یہ کہ کتاب میں زیر بحث مسئلہ کا ہر پہلو سے جائزہ لیا گیا ہے اور بحث کے دوران سنجیدہ وعلمی انداز اختیار کیا گیا ہے۔ پوری کتاب حوالوں وحواشی سے بھرپور ہے۔ مراجع کی فہرست میں عربی واردو کی ۸۹ کتابوں کا ذکر ہے اس سے اس کتاب کا پایۂ استناد اور بڑھ جاتا ہے۔

(3) The Quranic Concept of War and Peace

Author: Tauqir Alam Falahi

Publisher: Kaniska Publishers, 4697/5-21A, Ansari Road, Daryaganj, New Delhi-2

Pages: 109

Price: Rs. 300/-

اسلام تمام انسانوں کے لئے اللہ رب العزت کا پسندیدہ نظام زندگی ہے۔ یہ نہ صرف اپنے ماننے والوں کو سکون واطمینان بخشتا ہے بلکہ دوسروں کے لئے بھی امن وسلامتی کی ضمانت دیتا ہے اور یہ پوری دنیا کے لئے باعث رحمت ہے۔ اس کی تعلیمات میں اخوت ومحبت، اتحاد واتفاق اور امن وصلح پر خاص زور ملتا ہے۔ اسلام کسی بھی صورت میں جارحیت، دہشت گردی وناحق خوں ریزی کو روا نہیں رکھتا۔ یہ عجیب ستم ظریفی ہے کہ آجکل اس پہلو سے اسلام اور اس کے پیروکاروں کا بدنام کرنے کی باقاعدہ مہم جاری ہے اور اس کے لئے جدید ترین ذرائع ابلاغ کا بے محابا استعمال ہوتا ہے۔ اس سیاق میں اس بات کی ضرورت بڑھتی جارہی ہے کہ قرآن وحدیث کی روشنی میں اسلام کے تصور امن وجنگ کو واضح کیا جائے، اس سے متعلق مخالفین ومعاندین اسلام کے اعتراضات کا مدلل جواب دیا جائے اور اس کے لئے مختلف زبانوں بالخصوص انگریزی وہندی کو اختیار کیا جائے۔ اس نقطۂ نظر سے ڈاکٹر توقیر عالم فلاحی صاحب کی زیر تعارف کتاب وقت کی ایک اہم ضرورت پوری کرتی ہے۔ مصنف ان اصحاب قلم میں شامل ہیں جو مدرسہ کی تعلیم سے فیض یافتہ ہونے کے ساتھ عصری علوم پر اچھی نظر رکھتے ہیں اور جدید طرز تصنیف سے بخوبی واقف ہیں۔

یہ کتاب چار ابواب پر مشتمل ہے:

(1) The Quranic Interpretation of Peace

(2) Islam and Terrorism

(3) Concept of Jihad in The Quran

(4) Islamic Wars and their description in the Quran.